## پاکستان کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ہر پاکستانی اپنی ذمہ داری کا احساس کرے، الطاف حسین

## جن مقاصد کیلئے قیام پاکستان کی تحریک چلائی گئی وہ مقاصد پورے نہیں ہوئے ہیں۔60ویں جشن یوم آزادی کے موقع پر پیغام

لندن۔۔۔13، اگست 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم پاکستانیوں کو پاکستان کے 60ویں یوم آزادی کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور ملک وقوم کو 21ویں صدی کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ہر پاکستانی اپنی ذمہ داری کا احساس کرے اوراس بات کا عزم کرے کہ وہ عملی طور پر وطن عزیز کی ترقی وخوشحالی اورعوام کی فلاح و بہبود کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گا۔یوم جشن آزادی کے موقع پر اپنے تہنیتی پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی 60 سالہ تاریخ کا جائزہ لیا جائے تو ہمیں اس تلخ حقیقت کا سامنا کرنا پڑے گا کہ بانی پاکستان قائد اعظم محمد جناح اور دیگر بانیان پاکستان نے جن مقاصد کیلئے قیام پاکستان کی تحریک چلائی اور پاکستان کی آزادی کا خواب شرمندہ تعبیر کیا وہ مقاصد پورے نہیں ہوئے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ یوم آزادی کے موقع پر ہر پاکستانی اپنا اپنا محاسبہ کرے کہ انہوں نے ملک وقوم کی ترقی کیلئے اپنا کیا کردارادا کیا ہے۔ ہرمحبّ وطن پاکستانی پر لازم ہے کہ وہ پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور ملک وقوم کو 21ویں صدی کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے اپنی ذمہ داری کا احساس کرے اوراس بات کا عزم کرے کہ وہ عملی طور پر وطن عزیز کی ترقی وخوشحالی اورعوام کی فلاح و بہبود کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم بانیان پاکستان کی اولادوں کی تنظیم ہے جو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ، ایک پاکستانی قوم کا تصور مضبوط بنانے اور 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کوان کے جائز حقوق دلانے کی جدوجہد کررہی ہے۔ایم کیوایم چاہتی ہے کہ پاکستان پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے وہ مقاصد حاصل کئے جائیں جن کے تحت پاکستان کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔

## حق پرست عوام، عادل صدیقی کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔13، اگست 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اورصوبائی وزیر عادل صدیقی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ عادل صدیقی کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خشوع وخضوع کے ساتھ دعا کریں۔

## فیصل آباد کے سینئر وکیل ندیم شبلی اور تاجر برادری کے نمائندے مخدوم محمد کی

## درجنوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

فیصل آباد۔۔۔13، اگست 2007ء۔۔۔فیصل آباد کے سینئر وکیل ندیم شبلی اورانجمن تاجران کی مجلس عاملہ کے رکن مخدوم محمد نے اپنے درجنوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز فیصل آباد میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم پنجاب ڈسٹرکٹ فیصل آباد کے انچارج میاں انعام الرحیم، ڈسٹرکٹ اورٹاؤن آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگرارکان بھی موجود تھے۔ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے سینئر وکیل ندیم شبلی، تاجر برادری کے نمائندے مخدوم محمد اور دیگر افراد نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہے جو ملک بھر کے غریب عوام کے مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اور جناب الطاف حسین کا پیغام ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کی ضمانت ہے اورحق پرستی کی اس جدوجہد میں پنجاب کےعوام بھی ایم کیوایم کے ساتھ ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم پنجاب ڈسٹرکٹ فیصل آباد کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت پر ندیم شبلی، مخدوم محمد اور دیگر کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایم کیوایم میں شمولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم کے خلاف پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈوں کو پنجاب کےعوام مسترد کرچکے ہیں۔

## آزاد کشمیر پولیس کی جانب سے متاثرین زلزلہ کی امداد کی درخواستیں جمع کرنے کیلئے ایم کیوایم کا کیمپ اکھاڑنے کا نوٹس لیا جائے، اراکین قومی اسمبلی

کراچی ۔۔۔13، اگست 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے پولیس کی جانب سے آزاد کشمیر میں امداد سے محروم زلزلہ متاثرین کی درخواستیں جمع کرنے کے سلسلے میں لگائے گئے کیمپ اکھاڑنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں 8 اکتوبر 2005ء کو آنے والے قیامت خیز زلزلے کے بیشتر متاثرین کی جانب سے مسلسل شکایات آرہی تھی کہ حکومت کی جانب سے انہیں اعلان کردہ امداد تاحال نہیں مل سکی۔اس سلسلے میں ایم کیوایم آزاد کشمیر کی جانب سے متاثرین کو حکومت سے امداد دلانے اوران کی پریشانی حل کرنے کیلئے ان کے کوائف جمع کرنے کیلئے آزاد کشمیر کے علاقے چھتر میں درخواستوں کی وصولی کیلئے کیمپ لگایا تھا تا کہ انہیں حکومت سے امداد دلانے کے عمل کو تیز کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ متاثرین کیلئے علاقے میں کوائف جمع کرنے کا کیمپ قائم ہونے سے متاثرین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تھی اور وہ اپنے کوائف جمع کروارہے تھے لیکن یہ بات آزاد کشمیر کی انتظامیہ کو پسند نہیں آئی اورانہوں نے ایم کیوایم کے کیمپ پر حملہ کرکے نہ صرف کیمپ کو اکھاڑ دیا بلکہ وہاں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصویریں، بینرز اور دیگر سامان بھی پھینک دیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ آزاد کشمیر میں سیاسی و مذہبی جماعتوں کو ہر طرح کی سیاسی سرگرمیوں، جلسے جلوسوں کی مکمل آزادی ہے لیکن ایم کیوایم کو زلزلہ متاثرین کی خدمت سے روکا جارہا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ آزاد کشمیر کی انتظامیہ متاثرین کو امداد فراہم کرنے میں مخلص نہیں اوران کی حق تلفی کرنے کیلئے غیر جمہوری ہتھکنڈے استعمال کررہی ہے۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر جنرل پرویز مشرف، وزیراعظم شوکت عزیز اور آزاد کشمیر کے صدر سے مطالبہ کیا کہ آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کا کیمپ اکھاڑنے کے غیر جمہوری، غیرانسانی اور غیر قانونی عمل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ایم کیوایم کو زلزلہ سے متاثرہ عوام کی خدمت کے عمل سے روکنے والے عناصر سے سخت باز پرس کی جائے۔

## الائیڈ بینک لمیٹڈ کے کلریکل اورنان کلریکل ملازمین کی تنخواہوں میں 36 فیصد اضافہ کیا جائے، لیبر ڈویژن

کراچی ۔۔۔13، اگست 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج واراکین نے الائیڈ بینک لمیٹڈ کی انتظامیہ کی جانب سے کلریکل اورنان کلریکل ملازمین کی تنخواہوں میں مشروط اضافہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ تمام ملازمین کی تنخواہوں میں پچھلے تین سالوں کے دوران مہنگائی کو مدِنظر رکھتے ہوئے 36 فیصد اضافہ کیا جائے۔اپنے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ الائیڈ بینک لمیٹڈ کے ملازمین ادارے میں پوری لگن اور محنت سے کام کررہے ہیں اوران کی دن رات محنت نے آج بینک کو دیگر ملٹی نیشنل بینکوں کے مقابل لا کھڑا کیا ہے اور بینک کو رواں سال 10 ارب روپے سے زائد کا منافع ہوا ہے تاہم الائیڈ بینک کی متعصب انتظامیہ نے ملازمین کی کارکردگی سے خوش ہو کر ان کی تنخواہیں بڑھانے کے بجائے سرکولر P/INF-2007/164 بتاریخ 10/8/2007 جاری کرکے ملازمین کی تنخواہوں میں مشروط اضافے کا اعلان کیا جو ملازمین کے سراسر ناانصافی ہے اور جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایک جانب الائیڈ بینک کی انتظامیہ نے بینک کو خسارے کی صورت میں ملازمین کے تین ریگولر بونس ختم کردیئے تھے اور جب بینک کو منافع ہوا تو ملازمین کو نظرانداز کرکے انہیں اس میں شامل نہیں کیا جارہا ہے جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بینک انتظامیہ ملازمین کو ان کا حق نہیں دینا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ بینک انتظامیہ، ادارے کے ملازمین کی محنت سے بینک کو ہونیوالے 10 ارب روپے سے زائد کے منافع کے بعد انتظامیہ ملازمین کی تنخواہوں میں نہ صرف اضافہ کرتی بلکہ ملازمین کو طبّی سہولیات کی مد میں 100 فیصد میڈیکل ادا کیا جاتا۔انہوں نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ ڈاکٹر ارباب غلام رحیم اور گورنر اسٹیٹ بینک سے مطالبہ کیا ہے کہ الائیڈ بینک میں انتظامیہ کے رویئے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور ملازمین کے ساتھ ہونیوالی ناانصافیوں کے ازالے کیلئے ان کی تنخواہیں کم ازکم 12000 روپے مقرر کی جائے، گریجویٹس ملازمین کو OG-III میں ترقی دی جائے اورادارے کے ملازمین کی لاہور منتقلی سے پرہیز کیا جائے۔

## کراچی کے محبِّ وطن عوام یوم آزادی کی تقریبات منارہے ہیں تو اس پر جماعت اسلامی کے لیڈروں کو تکلیف کیوں ہورہی ہے؟ حق پرست ارکان قومی اسمبلی

## یوم آزادی کے پروگراموں پر اعتراض کرکے جماعت اسلامی نے پاکستان کیلئے اپنے نفرت انگیز طرز عمل کا مظاہرہ کیا ہے

## جماعت اسلامی ایک مرتبہ پھر اپنے گھناؤنے کردار کا مظاہرہ کرتے ہوئے لاشوں پر سیاست کے مکروہ عمل پر اتر آئی ہے

کراچی ۔۔۔13، اگست 2007ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ سے تعلق رکھنے والے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی ایک مرتبہ پھر اپنے گھناؤنے کردار کا مظاہرہ کرتے ہوئے لاشوں پر سیاست کے مکروہ عمل پر اتر آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ سب جانتے ہیں کہ کراچی میں اتنی شدید بارشیں پہلے کبھی نہیں ہوئیں اور حق پرست قیادت وکارکنان گلی گلی بارشوں سے متاثرہ عوام کی مدد میں دن رات مصروف عمل ہیں لیکن جماعت اسلامی کے رہنماؤں کو اتنی توفیق بھی نہیں ہوئی کہ وہ کسی ایک جگہ بھی متاثرہ عوام کی کوئی مدد کرتے الٹا متاثرہ عوام کے زخموں پر نمک چھڑکتے ہوئے ایک قدرتی آفت کو اپنی گھٹیا سیاست کیلئے استعمال کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوام جماعت اسلامی کے لیڈروں سے سوال کرتے ہیں کہ انہوں نے بلوچستان اور صوبہ سرحد میں سیلاب اور بارشوں سے متاثرہ عوام کیلئے کیا کیا جہاں ان کی اپنی حکومت ہے اور جہاں کے عوام ہفتوں گزرجانے کے باوجود اب تک بارش کے پانی میں محصور ہیں۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی کے لیڈروں نے کراچی میں یوم آزادی کے پروگراموں پر اعتراض کرکے پاکستان کیلئے اپنے خبیثانہ اور نفرت انگیز طرز عمل کا مظاہرہ کیا ہے اور سب جانتے ہیں کہ جماعت اسلامی نے پاکستان کے قیام کی سخت مخالفت کی تھی اسی لئے جماعت اسلامی کو یوم آزادی کی تقریبات پر تکلیف ہورہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر کراچی کے محبِّ وطن عوام یوم آزادی کی تقریبات منارہے ہیں تو اس پر جماعت اسلامی کے لیڈروں کو تکلیف کیوں ہورہی ہے؟

## جماعت اسلامی کے تربیت یافتہ دہشت گرد سیوریج لائنوں میں ریتی کی بوریاں، تکیے، ٹائر ڈال کر سیوریج لائنوں کو بند کررہے ہیں، حق پرست یوسی ناظمین

کراچی ۔۔۔13، اگست 2007ء۔۔۔حق پرست یوسی ناظمین نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے تربیت یافتہ دہشت گرد سیوریج لائنوں میں ریتی کی بوریاں، تکیے ،ٹائر ڈال کر سیوریج لائنوں کو بند کررہے ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست یوسی ناظمین نے کہا کہ جماعت اسلامی نے آج تک حق پرست قیادت کے عوامی مینڈیٹ کو دل سے تسلیم نہیں کیا اور وہ حق پرست عوامی نمائندوں کو ناکام بنانے اور شہر کی ترقی کیلئے ان کے کاموں میں مسلسل رکاوٹیں کھڑی کررہی ہے۔بلدیہ کی حق پرست قیادت کو ناکام بنانے کیلئے گٹر لائنوں میں ریت کی بوریاں ڈال کر انہیں بند کرنا جماعت اسلامی کے پرانے ہتھکنڈے ہیں اور آج بھی وہ یہی ہتھکنڈے استعمال کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ نیشنل اسٹیڈیم کے قریب سیوریج کے نالے سے تکیہ، ٹائر اور دیگر سامان کا برآمد ہونا جماعت اسلامی کے انہی اوچھے ہتھکنڈوں کا ایک کھلا ثبوت ہے تاکہ وہاں سیوریج کے نالے بند ہوجائیں اور گلشن اقبال میں حق پرست قیادت کی جانب سے کرائے جانے والے ترقیاتی کاموں کو خراب کیا جائے۔حق پرست یوسی ناظمین نے کہا کہ کراچی کے عوام کے ہاتھوں بار بار عبرتناک شکست کھانے کے بعد جماعت اسلامی اسی طرح کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کررہی ہے لیکن حق پرست قیادت ،عوام کے تعاون سے اس کے ہر اوچھے ہتھکنڈے کو ناکام بنادے گی۔

☆☆☆☆☆